# CHAPTER IV

**A description of my personal situation; that is, a description as to which of the three categories the grace and benevolence of God has chosen to place me in.**

God Almighty knows this fact—and He is the Best of Witnesses over every single thing—that the first thing which was granted to me in His path was a **rightly-inclined heart;** that is, such a heart that had no real attachment with anything except the God of Honour and Glory.

There was a time when I was young and now I have grown old, but at no time in my life have I had any real attachment to anyone except **the God of Honour and Glory.** It seems as if Maulawī **Rūmī** composed these two couplets just for me:

من زِ ہر جمعیّتے نالاں شُدم    جُفتِ خوشحالاں و بدحالاں شُدم

*In every company I uttered my wailful notes,*
*I consorted with those who rejoiced and those who were unhappy.*

ہر کسے از ظنِّ خود شد یارِ من    و از درونِ من نجست اسرارِ من

*Everyone became my friend from his own opinion,*
*But none sought out my secrets from within me.*

Although God has been generous to me in everything and has blessed me with every provision and comfort, so much so that I find my heart and words utterly powerless to thank Him, the nature He has bestowed upon me is such that I have always been disillusioned by the mortal

things of this world. Even when I was young and had just arrived at the crossroads of maturity, I was not lacking in the heat of love that one should have for the God of Honour and Glory. Owing to this very heat of love, I was not reconciled to any religion, the doctrines of which were in conflict with the Majesty and Oneness of God, or imputed any kind of insult. That is why I did not approve of the Christian faith, for in its every step, there is insult to the God of Honour and Glory. It had deified a humble man who could not even help himself, and considered him to be the Creator of the heavens and earth.

A temporal monarch whose sovereignty is transitory would never choose to live in humiliation; how then, could the true kingdom of God be accompanied by such humiliation as imprisonment, flogging, being spat on, and finally—as the Christians believe—dying an accursed death, without which it was impossible for him to bring about the salvation of mankind?[1☆]

Can there be any confidence in such a weak 'God'? Does God suffer death like a mortal human? Besides, the Jews made filthy accusations against him and even his mother, but that 'God' was unable to exonerate himself by displaying mighty powers. Therefore, reason cannot propose to accept such a 'God' who himself died in distress and could do no harm

1. ☆ The assertion that the Messiah willingly accepted an accursed death is refuted by his passionate supplications in the garden that the cup [of death] be passed from him; and his lamentation when he was put on the cross: *Eli Eli lama sabachtani,* meaning: my God, my God, why have you forsaken me? If he was indeed content with that death on the cross why did he make supplications? And this notion that death of the Messiah on the cross was the mercy of God on mankind and God was pleased to do this so that the world could find salvation through the blood of the Messiah, is rejected by the argument that if divine mercy was truly excited on that day then why was there a terrible earthquake which caused the veil of the Temple to be torn, and why was there such a severe sandstorm and the sun became dark? All this, indeed, shows that God was greatly displeased with the crucifixion of the Messiah and this is why He chased the Jews for forty years and they suffered various calamities. First they died of a severe plague and at the end thousands of Jews were killed at the hands of Titus, the Roman. (Author)

to the Jews. There cannot be anything more absurd than to suggest that he willingly accepted death on the cross in order to redeem the sins of his people. The man who spent the entire night in tearful supplication in a garden to save his life—which was not even heard—and then he was so overwhelmed by panic that he cried out *Eli Eli lama sabachtani*[1] at the time of the crucifixion. He addressed his God as *God* and forgot to call him 'Father' in that extreme anguish. Now, considering all this, can anyone believe that he died by his own volition?

Who can understand the contradictions in Christian theology? On the one hand, they believe Yasū' to be God, while on the other, the same 'God' is seen praying and crying before another God. Whereas all three 'Gods' were inside Yasū' and he was the embodiment of them all, to whom did he tearfully supplicate? It appears from all this that there is another mighty God for Christians besides the Godheads of the Trinity, who is distinct from them and rules over them, before whom the three were obliged to supplicate. Furthermore, the purpose for which the 'suicide' was committed still remains unfulfilled.[2☆] His death was meant to free his followers from sin, worldliness, and

1. 'My God, my God, why have You forsaken me?' (Matthew, 27:46) [Publisher]

2. ☆ Unfortunately, after the first three centuries of the Islamic era, certain Muslim sects adopted the belief that Ḥaḍrat 'Īsā (peace be on him) escaped crucifixion and ascended to Heaven where he physically resides to this day, and he has not been afflicted with death. Such ignorant Muslims have greatly helped the cause of Christianity. They claim that there is no mention of the death of 'Īsā anywhere in the Holy Quran, when in truth it does mention it explicitly on several occasions. The verse فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ ['But since You did cause me to die', (*Sūrah al-Mā'idah,* 5:118)] for example, is categorical about his demise. They claim that the verse مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ ['They slew him not, nor crucified him', (*Sūrah an-Nisā',* 4:158)] signifies that Ḥaḍrat 'Īsā is still alive. Their reasoning for this is truly lamentable! Does a person who is not crucified never die? I have said again and again that the Holy Quran negates 'Īsā's death by crucifixion and proclaims his ascension, not because God wants to prove that 'Īsā is still alive, but to dispel the notion of his accursed death and to confirm that he was spiritually exalted like all believers. It was primarily meant to refute the Jews who did not believe in his (spiritual) ascension. (Author)

worldly enticements, but the result has been quite the opposite. Before his 'suicide,' the followers of Yasū' sought godliness to some extent, but the more the doctrine of vicarious sacrifice and atonement was emphasized, the more the Christians became steeped in worldliness, worldly enticements, desire of the world, alcoholism, gambling, licentiousness, and illicit relations. The negative effects of this doctrine have been like the sudden collapse of the dam that had been built on a violent and stormy river with resultant destruction of all surrounding land and habitats.

﴾۵۷﴿

# باب چہارم

## اپنے حالات کے بیان میں یعنی اس بات کے بیان میں کہ خدا تعالیٰ کے فضل اور کرم نے مجھے ان اقسام ثلاثہ میں سے کس قسم میں داخل فرمایا ہے

☆

خدا تعالیٰ اِس بات کو جانتا ہے اور وہ ہر ایک امر پر بہتر گواہ ہے کہ وہ چیز جو اُس کی راہ میں مجھے سب سے پہلے دی گئی وہ قلب سلیم تھا یعنی ایسا دل کہ حقیقی تعلق اُس کا بجز خدائے عزّ و جلّ کے کسی چیز کے ساتھ نہ تھا۔ میں کسی زمانہ میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہوا مگر میں نے کسی حصہ عمر میں بجز خدائے عزّ و جلّ کسی کے ساتھ اپنا حقیقی تعلق نہ پایا۔ گویا رومی مولوی صاحب نے میرے لئے ہی یہ دو شعر بنائے تھے: ؎

من زِ ہر جمعیتے نالاں شُدم جفت خوشحالان و بدحالان شُدم
ہر کسے از ظن خود شد یارِ من و از درونِ من نجست اسرارِ من

اگرچہ خدا نے کسی چیز میں میرے ساتھ کمی نہیں رکھی اور اس درجہ تک ہر ایک نعمت اور راحت مجھے عطا کی کہ میرے دل اور زبان کو یہ طاقت ہرگز نہیں کہ میں اُس کا شکر ادا کر سکوں تاہم میری فطرت کو اُس نے ایسا بنایا ہے کہ میں دنیا کی فانی چیزوں سے ہمیشہ دل برداشتہ رہا ہوں۔ اور اُس زمانہ میں بھی جبکہ میں اِس دنیا میں ایک نیا مسافر تھا اور میرے بالغ ہونے کے ایام ابھی تھوڑے تھے۔ میں اِس تپش محبت سے خالی نہیں تھا جو خدائے عزّ و جلّ سے ہونی چاہیے اور اِسی تپش محبت کی وجہ سے میں ہرگز کسی ایسے مذہب پر راضی نہیں ہوا جس کے

﴿۵۸﴾ عقائد خدا تعالیٰ کی عظمت اور وحدانیت کے برخلاف تھے یا کسی قسم کی توہین کو مستلزم تھے۔ یہی وجہ ہے کہ عیسائی مذہب مجھے پسند نہ آیا کیونکہ اس کے ہر ایک قدم میں خدائے عزّ و جلّ کی توہین ہے۔ ایک عاجز انسان جو اپنے نفس کی بھی مدد نہ کر سکا اُس کو خدا ٹھیرایا گیا اور اُسی کو خَالِقُ السَّمٰوات والارض سمجھا گیا۔ دنیا کی بادشاہت جو آج ہے اور کل نابود ہو سکتی ہے اُس کے ساتھ ذلت جمع نہیں ہو سکتی۔ پھر خدا کی حقیقی بادشاہی کے ساتھ اتنی ذلتیں کیوں جمع ہو گئیں کہ وہ قید میں ڈالا گیا، اُس کو کوڑے لگے اور اُس کے منہ پر تھوکا گیا اور آخر بقول عیسائیوں کے ایک لعنتی موت اُس کے حصہ میں آئی جس کے بغیر وہ اپنے بندوں کو نجات نہیں دے سکتا تھا☆ کیا ایسے کمزور خدا پر کچھ بھروسہ ہو سکتا ہے اور کیا خدا بھی ایک فانی انسان کی طرح مر جاتا ہے اور پھر صرف جان نہیں بلکہ اُس کی عصمت اور اُس کی ماں کی عصمت پر بھی یہودیوں نے ناپاک تہمتیں لگائیں اور کچھ بھی اُس خدا سے نہ ہو سکا کہ زبردست طاقتیں دکھلا کر اپنی بریت ظاہر کرتا۔ پس ایسے خدا کا ماننا عقل تجویز نہیں کر سکتی جو خود مصیبت زدہ ہونے کی حالت میں مر گیا اور یہودیوں کا کچھ بھی بگاڑ نہ سکا اور یہ کہنا کہ اُس نے عمداً اپنے تئیں صلیب پر چڑھایا تا اُس کی اُمت کے گناہ بخشے جائیں اِس سے زیادہ کوئی بیہودہ خیال نہیں ہوگا۔ جس شخص نے تمام رات

☆ یہ بات کہ اس لعنتی موت پر مسیح خود راضی ہو گیا تھا اِس دلیل سے ردّ ہو جاتی ہے کہ مسیح نے باغ میں رو رو کر دعا کی کہ وہ پیالہ اُس سے ٹل جائے اور پھر صلیب پر کھینچنے کے وقت چیخ مار کر کہا کہ ایلی ایلی لما سبقتنی یعنی اے میرے خدا اے میرے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا۔ اگر وہ اس صلیبی موت پر راضی تھا تو اُس نے کیوں دعائیں کیں اور یہ خیال کہ مسیح کی صلیبی موت خدا تعالیٰ کی طرف سے مخلوق پر ایک رحمت تھی اور خدا نے خوش ہو کر ایسا کام کیا تھا تا دنیا مسیح کے خون سے نجات پاوے تو یہ وہم اِس دلیل سے ردّ ہو جاتا ہے کہ اگر درحقیقت اُس دن رحمت الٰہی جوش میں آئی تھی تو کیوں اُس دن سخت زلزلہ آیا یہاں تک کہ ہیکل کا پردہ پھٹ گیا اور کیوں سخت آندھی آئی اور سورج تاریک ہو گیا۔ اِس سے تو صریح معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ مسیح کو صلیب دینے پر سخت ناراض تھا جس کی وجہ سے چالیس۴۰ برس تک خدا نے یہودیوں کا پیچھا نہ چھوڑا اور وہ طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا رہے۔ اوّل سخت طاعون سے ہلاک ہوئے اور آخر طیطوس رومی کے ہاتھ سے ہزاروں یہودی مارے گئے۔ منہ

اپنی جان بچانے کے لئے رورو کر ایک باغ میں دعا کی اور وہ بھی منظور نہ ہوئی اور پھر گھبراہٹ اس قدر اس پر غالب آئی کہ صلیب پر چڑھنے کے وقت **ایلی ایلی لما سبقتنی** کہہ کر اپنے خدا کو خدا کر کے پکارا اور اس شدت بے قراری میں باپ کہنا بھی بھول گیا۔ کیا اُس کی نسبت کوئی خیال کر سکتا ہے کہ اُس نے اپنی مرضی سے جان دی۔ عیسائیوں کے اِس متناقض بیان کو کون سمجھ سکتا ہے کہ ایک طرف تو یسوع کو خدا ٹھیرایا جاتا ہے پھر وہی خدا کسی اور خدا کے آگے رورو کر دعا کرتا ہے جبکہ تینوں خدا یسوع کے اندر ہی موجود تھے اور وہ اُن سب کا مجموعہ تھا تو پھر اُس نے کس کے آگے رورو کر دعا کی۔ اِس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیوں کے نزدیک اُن تین خداؤں کے علاوہ کوئی اور بھی زبردست خدا ہے جو اُن سے الگ اور اُن پر حکمران ہے جس کے آگے تینوں خداؤں کو رونا پڑا۔ ﴿۵۹﴾

پھر جس غرض کے لئے خودکشی اختیار کی گئی وہ غرض بھی تو پوری نہ ہوئی☆۔ غرض تو یہ تھی کہ یسوع کو ماننے والے گناہ اور دنیا پرستی اور دنیا کے لالچوں سے باز آجائیں مگر نتیجہ برعکس ہوا۔ اِس خودکشی سے پہلے تو کسی قدر یسوع کے ماننے والے رو بخدا بھی تھے مگر بعد اس کے جیسے جیسے خودکشی اور کفارہ کے عقیدہ پر زور دیا گیا اُسی قدر دنیا پرستی اور دنیا کے لالچ اور دنیا کی

☆ افسوس کہ قرون ثلاثہ کے بعد بعض مسلمانوں کے فرقوں کا یہ مذہب ہوگیا کہ گویا حضرت عیسیٰ علیہ السلام صلیب سے محفوظ رہ کر آسمان پر زندہ چلے گئے اور ابتک وہیں زندہ مع جسم عنصری بیٹھے ہیں اُن پر موت نہیں آئی اور اس طرح پر ان نادان مسلمانوں نے عیسائی مذہب کو بڑی مدد دی ہے۔ اور کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰؑ کی موت کا قرآن میں کہیں ذکر نہیں حالانکہ قرآن شریف کے کئی مقامات میں بتصریح ان کی موت کا ذکر ہے مثلاً آیت فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي[1] کیسی صاف تصریح سے ان کی موت پر دلالت کرتی ہے۔ اور کہتے ہیں کہ آیت مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ[2] حضرت عیسیٰؑ کی حیات پر دلالت کرتی ہے۔ ان کی ایسی سمجھ پر رونا آتا ہے۔ کیا جو شخص مصلوب نہیں ہوتا وہ مرتا نہیں؟ میں نے بار بار بیان کیا ہے کہ قرآن شریف میں نفی صلیب اور رفع عیسیٰ کا ذکر اس لئے نہیں کہ خدا تعالیٰ حضرت عیسیٰؑ کی حیات ثابت کرے بلکہ اس لئے یہ ذکر ہے کہ تا یہ ثابت کرے کہ عیسیٰ لعنتی موت سے نہیں مرا۔ اور مومنوں کی طرح اس کا رفع روحانی ہوا ہے اِس میں یہود کا ردّ مقصود ہے کیونکہ وہ اُن کے رفع ہونے کے منکر ہیں۔ منہ

[1] المائدۃ:۱۱۸ [2] النساء:۱۵۸

خواہش اور شراب خواری اور قمار بازی اور بدنظری اور ناجائز تعلقات عیسائی قوم میں بڑھ گئے کہ جیسے ایک خونخوار اور تیز رَو دریا پر جو ایک بند لگایا گیا تھا وہ بند یک دفعہ ٹوٹ جائے اور اِرد گرد کے تمام دیہات اور زمین کو تباہ کردے۔

﴿۶۰﴾